Tarjuma Tul Quran Majeed - ICS Part 2 Tarjmatul Quran Chapter 14 Short Questions Test

Q1. ایتہ الکرسی کی فضیلت تحریر کریں-

Ans 1: ایتہ الکرسی کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے فرمایا: جو شخص ہر فرض نماز کے بعد آیتہ الکرسی پڑھتا ہے اسے جنت میں داخل ہونے سے صرف موت ہی روکے رکھتی ہے. حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین ہے فرمایا: جب تم اپنے بستر پر جانے لگو تو آیتہ الکرس پڑھ لیا کرو، صبح تک اللہ تعالی کی طرف سے تمھارے لیے ایک محافظ مقرر رہے گا اور شیطان تمھارے قریب نہیں آسکے گا. آیتہ الکری میں اللہ تعالی کی وحدانیت یعنی اس کے یکتا ہونے کو بیان کیا گیا ہے- اس آیت میں اللہ تعالی کی قدرت اور صفات کا بھی بیان ہے.

Q2. سورة التوبہ کون سی سورت ہے.

Ans 1: سورة التوبہ مدنی سورت ہے.

Q3. سورة التوبہ میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ کی کیا فضیلت آئی ہے.

Ans 1: دوران ہجرت غار ثور میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور نبی کریم صلی اللہ تعالی عنہ کی رفاقت کا تزکرہ ہے- زکوٰۃ کے مصارف اور مومن مجاہدین کی تعریف اور جہاد کرنے کی ترغیب کا بیان ہے.

Q4. سورہ البقرہ کس زبان کا لفظ ہے اس کے معنی کیا ہے.

Ans 1: سورہ البقرہ عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی گائے ہے.

Q5. سورة الانفال میں کتنی آیات ہیں

Ans 1: سورة الانفال میں کل پچھتر آیات ہیں

Q6. الفاظ کے معنی تحریر کریں- رضی- ابدا- ما عنتم- فان تولوا- خفافا- اولیاء

Ans 1: رضی - راضی ہوا- ابدا- ہمیشہ- ماعنتم- تمہارا مشقت میں پڑنا فان تولوا- پھر اگر وہ منھ موڑ لیں- خفافا- ہلکا- اولیاء- دوست

Q7. حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین کے بارے میں کیا فرمایا.

Ans 1: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سورة البقرہ پڑھا کرو اس کے پڑھنے میں برکت ، چھوڑنے میں حسرت اور بدنصیبی ہے اور اہل باطل (جادوگر، کاہن اور مکار) لوگوں کا اس پر بس نہیں چلتا (یعنی ان کا فریب اثر نہیں کرتا)-

---

Q8. الفاظ کے معنی تحریر کریں- کسادھا- اثاقلتم- یستبدل- لاتحزن- جنود- السفلی

Ans 1: کسادھا- اس کا خسارہ اثاقلتم- تو بوجھل ہوجاتے ہو- یستبدل- وہ بدل کر لے آئے گا- لاتحزن- غم نہ کرو جنود-لشکروں- السفلی- پست

Q9. سورہ البقرہ کی فضیلت بیان کریں

Ans 1: سورۃ البقرہ بہت فضیلت والی سورت سے ہے- صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنھم کے زمانے میں یہ شخص سورۃ البقرہ اور سورۃ ال عمران کا عالم ہوتا تھا اسے بہت عظیم اور لائق تکریم شمار کیا جاتا تھا.

Q10. سورۃ الانفال قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے کون سے سورت ہے.

Ans 1: سورۃ الانفال قرآن مجید کی ترتیب سے اعتبار سے آٹھویں سورت ہے-